شذرات

ناظرین الولی سے مجلہ کی اشاعتی تاخیر کے سلسلہ میں معذرت کی جاتی ہے کہ کاغذ کی گرانی نے ہمارے ادارہ کے ماہناموں کو بڑا نقصان پہنچایا ہے۔ وائٹ پرنٹ جو پہلے تیس، بتیس روپے میں رم مل جاتا تھا اب وہ ایک سو روپے میں مل رہا ہے، اور دس سال پہلے جو بجٹ تھا اب بھی وہی ہے، اس لیے آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ ہمیں کیسی مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ سابق ماہنامہ الرحیم اردو اور الولی اردو برابر دس سال سے شائع ہو رہے ہیں۔ ان علمی رسائل کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ یورپ اور دوسرے بیرونی ممالک کی یونیورسٹیوں اور درسگاہوں میں مستقل طور پر ان کی خریداری تھی اور اب بھی ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر چارلس نے اکیڈمی کے دفتر میں معاینہ کے بعد بتایا تھا کہ ہارورڈ یونیورسٹی میں "الرحیم" کے علمی مقالوں سے پی۔ ایچ۔ ڈی کے لیے تحقیقی مقالے تیار ہو رہے ہیں۔ اس مقبولیت کے باوجود نیوز پرنٹ کے لیے مسلسل کوششوں کے باوجود کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ سندھ انفارمیشن کی طرف سے سفارش ہوئی، رسالہ کے اخراجات کا حساب وکتاب باقاعدہ آڈٹ ہوتا ہے، اسے بھی پیش کیا گیا لیکن ہر مرتبہ یہ جواب ملا کہ فی الحال کاغذ نہیں ہے، حالانکہ دوسرے کئی ایسے جدیدالاشاعت مجلات ہیں، جن کو بڑی فراخدلی سے نوازا گیا ہے۔ پھر بھی کوشش جاری ہے۔ اگر نہیں کامیابی ہوئی تو انشاء اللہ رسالہ کی باقاعدگی میں کوئی چیز حائل نہ ہوگی۔